اسرائیل ایک دہشت گرد ریاست ہے۔وہ گزشتہ 70 سال میں لاکھوں فلسطینیوں کوشہید کر چکا ہے۔اس نے غزہ کو دنیا کی سب سے بڑی کھلی جیل بنا دیا ہے۔اسرائیل نے غزہ میں فراہمی ونکاسی آب کا نظام تک تباہ کر دیا ہے۔وہ ہزاروں فلسطینی بچوں کا قاتل ہے مگر امریکا اور یورپ نے آج تک اسرائیل کے بارے میں یہ نہیں کہا کہ وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں کرر ہا ہے۔نہ ہی اس سلسلے میں اسرائیل پر کبھی کوئی پابندی لگائی گئی۔خود عرب ممالک میں بدترین سیاسی جبر ہے۔ جنرل سیسی نے اخوان المسلمون کے دس ہزار سے زیادہ کارکنوں کوسڑکوں پر مار ڈالا۔ان پر ٹینک چڑھا دیے۔ان کے سروں اور سینوں پر گولیاں چلائیں،مگر مغرب کومصر میں انسانی حقوق کی کوئی خلاف ورزی نظر نہ آئی۔الجزائر کی فوج وہاں اسلامی تحریک کے دس لاکھ افراد کو مار چکی ہے مگر مغرب نے اس پر کبھی احتجاج نہ کیا۔کیا طالبان کا ریکارڈ اس سلسلے میں مصر اور الجزائر کے ریکارڈ سے زیادہ خراب ہے؟ اصل بات یہ ہے کہ مغرب ایک شیطان ہے۔اسلام دشمنی اس کے خمیر میں ہے۔ مغرب طالبان کو میدان جنگ میں تو شکست نہ دے سکا مگر اب وہ بیانیے کی جنگ میں انہیں شکست دینے کے لیے کوشاں ہے۔

کیا پاکستان ایک غریب ملک ہے؟

فرائیڈے اسپیشل۔شاہنواز فاروقی

جدید مغربی تہذیب کا ایک ہولناک اثر اور نتیجہ یہ ہے کہ اس نے امارت اور خوشحالی کے تصور کو صرف مادی اور معاشی بنادیا ہے۔اکبرالٰہ آبادی نے آج سے ڈیڑھ سوسال پہلے کہا تھا:

نہیں پرسش کچھ اس کی الفتِ اللہ کتنی ہے

یہی سب پوچھتے ہیں آپ کی تنخواہ کتنی ہے

اکبر نے جب یہ شکایت کی تھی اُس وقت معاشی اور مادی خوشحالی کا آغاز تھا۔چنانچہ معاشی خوشحالی اُس وقت صرف ایک ''تصور'' تھی۔مگر ہمارے زمانے تک آتے آتے یہ ایک ''عقیدہ'' بن گئی ہے۔ہماری دنیا میں انسان کی عزت ہے تو اُس کی آمدنی یا مالی خوشحالی کی بنیاد پر۔معاشرے میں ''طبقاتی تقسیم'' کی بنیاد یہی معاشی یا مالی خوشحالی ہے۔ایک طرف بالائی طبقہ ہے، اور یہ طبقہ بالائی صرف مالی خوشحالی کی بنیاد پر ہے۔دوسری جانب متوسط طبقہ ہے۔یہ طبقہ بھی متوسط صرف مالی پیمانے کی بنیاد پر کہلاتا ہے۔تیسری طرف غریب طبقہ ہے۔اس کی غربت بھی صرف معاشی بنیاد پر متعین ہوتی ہے۔جدید مغربی تہذیب نے انسانوں کو نہیں، پوری دنیا کو ہی اسی بنیاد پر منقسم کیا ہوا ہے۔چنانچہ ایک ''ترقی یافتہ'' دنیا ہے۔ایک ''ترقی پذیر'' دنیا ہے۔اور ایک ''پسماندہ'' دنیا ہے۔اس منظرنامے میں روحانی، اخلاقی اور علمی امارت کا خیال کہیں موجود نہیں، بالخصوص ''روحانی امارت'' کا خیال تو اب مغربی انسان کیا، مسلمانوں تک کے ذہن میں نہیں آتا۔اب مسلمان بھی مادی اور مالی خوشحالی ہی کو اصل خوشحالی سمجھتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ پاکستان کو ایک غریب ملک سمجھا جاتا ہے۔بعض لوگ پاکستان کی ''عزت افزائی'' کرتے ہیں تو اسے ''ترقی پذیر'' قرار دے دیتے ہیں۔لیکن حقیقت یہ ہے کہ پاکستان روحانی اعتبار سے ایک دولت مند ملک ہے۔جس ملک اور جس قوم کے پاس خدا کا تصور ہو وہ بھلا غریب کیسے ہوسکتی ہے! اللہ پر ایمان انسان کو کس طرح امیر بناتا ہے اس کا بیان مولانا مودودیؒ کی زبانی سنیے۔مولانا لکھتے ہیں:

''ایمان باللہ انسان کے زاویہ نظر کو اتنا وسیع کر دیتا ہے جتنی خدا کی غیر محدود سلطنت وسیع ہے۔انسان جب تک دنیا

کو اپنے نفس کے تعلق کا اعتبار کرتے ہوئے دیکھتا ہے، اس کی نگاہ اسی تنگ دائرے میں محدود رہتی ہے جس کے اندر اس کی اپنی قدرت، اس کا اپنا علم اور اس کے اپنے مطلوبات محدود ہیں۔ اسی دائرے میں وہ اپنے لیے حاجت روا تلاش کرتا ہے۔ اسی دائرے میں جو قوت والے ہیں اُن سے ڈرتا اور دبتا ہے، اور جو کمزور ہیں اُن پر فوقیت جتاتا ہے۔ اسی دائرے میں اس کی دوستی اور دشمنی، محبت اور نفرت، تعظیم اور تحقیر محدود رہتی ہے، جس کے لیے بجز اس کے اپنے نفس کے اور کوئی معیار نہیں ہوتا۔ لیکن خدا پر ایمان لانے کے بعد اس کی نظر اپنے ماحول سے نکل کر تمام کائنات پر پھیل جاتی ہے۔ اب وہ کائنات پر اپنے نفس کے تعلق سے نہیں بلکہ خداوندِ عالم کے تعلق سے نگاہ ڈالتا ہے۔ اب اس وسیع جہان کی ہر چیز سے اس کا ایک ہی رشتہ قائم ہو جاتا ہے۔ اب اس کو ان میں کوئی حاجت روا، کوئی قوت والا، کوئی ضار یا نافع نظر نہیں آتا۔ اب وہ کسی کو تعظیم یا تحقیر، خوف یا امید کے قابل نہیں پاتا۔ اب اس کی دوستی یا دشمنی، محبت یا نفرت اپنے نفس کے لیے نہیں بلکہ خدا کے لیے ہوتی ہے۔ وہ دیکھتا ہے کہ میں جس خدا کو مانتا ہوں وہ صرف میرا یا میرے خاندان یا میری قوم ہی کا خالق اور پروردگار نہیں ہے، بلکہ خالق السماوات والارض اور رب العالمین ہے۔ اس کی حکومت صرف میرے ملک تک محدود نہیں، بلکہ وہ مالکِ ارض وسما اور رب المشرق والمغرب ہے۔ اس کی عبادت صرف میں ہی نہیں کر رہا ہوں بلکہ زمین و آسمان کی ساری چیزیں اسی کے آگے جھکی ہوئی ہیں۔ سب اسی کی تسبیح و تقدیس میں مشغول ہیں۔ اس لحاظ سے جب وہ کائنات کو دیکھتا ہے تو کوئی اس کو غیر نظر نہیں آتا۔ سب اپنے ہی اپنے دکھائی دیتے ہیں۔ اس کی ہمدردی، اس کی محبت، اس کی خدمت کسی ایسے دائرے کی پابند نہیں رہتی جس کی حد بندی اس کے اپنے نفس کے تعلقات کے لحاظ سے کی گئی ہو۔ پس جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے وہ کبھی تنگ نظر نہیں ہو سکتا''۔

(''اسلامی تہذیب کے اصول و مبادی''۔ صفحہ 156، 157)

یوں تو تصورِ خدا کے حوالے سے اسلامی دنیا کے تمام ممالک ہی امیر ہیں، مگر پاکستان تو اللہ تعالیٰ کی خاص عطا ہے، چنانچہ خدا کا تصور پاکستان کے آئین کا مرکزی حوالہ ہے، اور اس حوالے سے پاکستان کی امارت کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے۔ تصورِ خدا میں مضمر ''امارت'' پر اقبال نے ایک اور حوالے سے نظر ڈالی ہے۔ اقبال کا مشہورِ زمانہ شعر ہے:

یہ ایک سجدہ جسے تُو گراں سمجھتا ہے

ہزار سجدے سے دیتا ہے آدمی کو نجات

انسان کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ انسانوں کی اکثریت ساری زندگی جھوٹے خداؤں کو پوجتی رہتی ہے۔ آپ اپنی دنیا پر نظر ڈالیے۔ کوئی امریکہ کو پوج رہا ہے، کوئی یورپ کو خدا بنائے ہوئے ہے، کوئی روس کی خدائی کے گن گا رہا ہے، اور کوئی چین کے آگے سجدہ ریز ہے۔ لیکن جب کوئی شخص یا قوم خدا کے آگے جھک جاتی ہے تو وہ پھر کسی جھوٹے خدا کے آگے سر جھکانے کی ذلت سے نجات حاصل کر لیتی ہے۔ کروڑوں انسان ایسے ہیں جو دولت کو خدا بنائے ہوئے ہیں، وہ دولت کے خدا کو پوج رہے ہیں۔ کتنی عجیب بات ہے کہ دولت کا خالق انسان ہے، اور دولت اور انسان کے درمیان یہ تعلق ہے کہ انسان خالق ہے اور دولت مخلوق، مگر انسان کی ذلت ملاحظہ کیجیے کہ دولت کا خالق خود اپنی پیدا کی ہوئی مخلوق کو پوج رہا ہے۔ انسان ایک سچے خدا کے آگے جھک جائے تو اسے دولت کے جھوٹے خدا کے آگے سر جھکانے کی ضرورت نہیں رہتی۔ دنیا میں کروڑوں انسان ہیں جنھوں نے اپنے نفس کو خدا بنایا ہوا ہے۔ وہ اپنے نفس کی خواہشات کو پوجتے ہیں۔ جو نفسِ امّارہ کے آگے سر جھکاتے ہیں، وہ کبھی اپنے نفس کا تزکیہ نہیں کر پاتے۔ انسان خدا کے آگے جھک جاتا ہے تو وہ نفس اور اس کی خواہشات کے بتوں کے آگے سر جھکانے سے بچ جاتا ہے۔ دنیا کے کروڑوں لوگ ہیں جو اپنی نسل، اپنی قوم، اپنے جغرافیے، اپنی ذات، برادری، اپنے صوبے، اپنے لسانی تشخص کے بتوں کو پوج رہے ہیں۔ جبکہ سچے خدا کے آگے کیا گیا ایک سچا سجدہ آدمی کو ان تمام بتوں کی پوجا سے بھی بچا لیتا ہے۔ پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں آیا تھا۔ پاکستان کا حکمران طبقہ اگر خدائے حقیقی کے آگے سر جھکانے والا ہوتا تو ہم نہ امریکہ کی خدائی کے علَم بردار ہوتے، نہ یورپ کے آگے سر جھکا رہے ہوتے، نہ ہمارے اندر ذات، برادری، صوبے اور زبان کے تعصّبات کے بت موجود ہوتے۔ پاکستان کا حکمران طبقہ آج بھی خدا کے آگے سر جھکا دے تو ایک انقلاب برپا ہو جائے اور دیکھتے ہی دیکھتے قوم لوہے سے سونا بن جائے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ حسنہ توحید کے بعد پوری امتِ مسلمہ کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔ اس اسوہ حسنہ کے لاکھوں پہلو ہیں، مگر دنیا پرستی سے نجات ہمارے لیے اس اسوہ حسنہ کا سب سے بڑا تحفہ ہو سکتا ہے۔ اس لیے کہ مغرب نے ہمیں ایسی دنیا پرستی سکھا دی ہے جس کی وجہ سے ہم نہ خدا کے رہے ہیں، نہ ہمارا اپنے دین اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت سے کوئی تعلق ہے۔ اس سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو احادیثِ مبارکہ بڑی اہمیت کی حامل ہیں:

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار صحابہ کے ساتھ کہیں تشریف لے جا رہے تھے، راستے میں بکری کا ایک مرا ہوا بچہ پڑا تھا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے دیکھ کر ٹھیر گئے۔ صحابہ بھی کھڑے ہو گئے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کے مرے ہوئے بچے کی طرف اشارہ کر کے صحابہ سے پوچھا: تم میں سے کوئی اسے خریدنا پسند کرے گا؟ صحابہ نے کہا: ایک تو یہ بچہ ہے، پھر مرا ہوا بھی ہے، اسے تو کوئی مفت بھی لینا پسند نہیں کرے گا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یاد رکھو دنیا بکری کے اس مرے ہوئے بچے سے زیادہ حقیر ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دوسری حدیثِ مبارکہ یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر دنیا مچھر کے پَر کے برابر بھی اہم ہوتی تو کافروں اور مشرکوں کا اس میں کوئی حصہ نہ ہوتا۔

پاکستان کو اگر حقیقی معنوں میں اسلامی جمہوریہ پاکستان بنا دیا جائے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مذکورہ بالا احادیث ہمیں دنیا کی محبت اور اس کی پرستش سے نجات دلانے اور ہمیں روحانی اعتبار سے کھرب پتی بنانے کے لیے کافی ہیں۔

پاکستان پر قرآنِ حکیم فرقانِ حمید کا سایہ ہے، اس لیے کہ پاکستان 27 ویں رمضان کو وجود میں آیا جو نزولِ قرآن کی رات ہے۔ قرآن مجید اور اس سے میسر آنے والی دوسری نعمتوں کی امارت کو دیکھنا ہو تو حضرت عمرؓ کا وہ خط ملاحظہ کرنا چاہیے جو انہوں نے ابوموسیٰ اشعریؓ اور حفاظِ قرآن کے نام لکھا اور جو کنز العمال جلد اول میں موجود ہے۔ حضرت عمرؓ نے اس سلسلے میں کیا فرمایا، انہی کے الفاظ میں ملاحظہ کیجیے:

''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ کے بندے عمر بن الخطاب کی طرف سے عبداللہ بن قیس (ابوموسیٰ اشعری) اور حفاظِ قرآن کے نام۔

السلام علیکم۔

واضح ہو کہ یہ قرآن کریم تمہارے لیے باعثِ اجر و ثواب ہونے والا ہے، لہٰذا اس کی تعلیم پر عمل کرو اور اسے اپنے مقاصد کا آلہ کار نہ بناؤ۔ جو قرآن کریم کو اپنا قائد و متبوع بنائے گا قرآن کریم اسے جنت کی سیر کرائے گا۔ قرآن کریم کو خدا

کے حضور تمہارا سفارشی ہونا چاہیے، نہ کہ تمہارے خلاف شکایت کرنے والا، کیونکہ قرآن جس کا سفارشی ہوگا وہ جنت میں جائے گا، اور جس کے خلاف شکایت کرے گا وہ دوزخ میں جلے گا۔ جب خدا کا بندہ رات میں اٹھتا ہے اور مسواک کر کے وضو کرتا ہے، پھر تکبیر کہہ کر نماز پڑھتا ہے تو فرشتہ اس کا منہ چومتا ہے اور کہتا ہے کہ پڑھو پڑھو تم پاک وصاف ہو گئے، قرآن کریم پڑھ کر تمہیں لطف آئے گا۔ قرآن کریم ہدایت کا سرچشمہ، علم کا پھول اور رحمٰن کا تازہ کلام ہے۔ اگر رات میں اٹھنے والا بغیر مسواک کے وضو کرتا ہے تو فرشتہ اس کی نگرانی تو کرتا ہے لیکن منہ نہیں چومتا۔ نماز میں قرآن پڑھنا ایسا ہے جیسے کسی کو چھپا ہوا خزانہ مل جائے اور مخفی دولت حاصل ہو جائے۔ قرآن کریم پڑھا کرو، نماز نور ہے، زکوٰۃ برہان ہے، صبر روشنی ہے، روزہ ڈھال ہے اور قرآن تمہارے بارے میں ایک دلیل ہے۔ قرآن کریم کا احترام کرو اور اس سے بے اعتنائی نہ برتو، کیونکہ خدا اُس کی عزت کرتا ہے جو قرآن کریم کی عزت کرتا ہے، اور اس کو بے آبرو کر دیتا ہے جو قرآن کریم کی بے حرمتی کرتا ہے۔ جو شخص قرآن کریم پڑھے، اس کو یاد کرے اور پھر اس کے مطابق عمل کرے، اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول کرتا ہے۔ چاہے تو خدا دنیا میں اس کی دعا کو پورا کر دیتا ہے، ورنہ اس کی مانگی ہوئی چیز آخرت کے لیے جمع ہو جاتی ہے۔ یاد رکھو خدا کا انعام بہترین اور ہمیشہ رہنے والا ہے، اور یہ اُن لوگوں کو نصیب ہوگا جو صاحبِ ایمان ہیں اور اپنے مالک پر بھروسا کرتے ہیں''۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اگر واقعتاً قرآن مجید سے ہم آہنگ کر دیا جائے تو پاکستان دنیا کا امیر ترین ملک بن جائے۔

پاکستان کو پاکستان کے حکمران طبقے نے حقیر بنا دیا ہے، ورنہ پاکستان دنیاوی معنوں میں بھی ''غریب'' نہیں۔ اس وقت عالمی برادری 200 سے زیادہ ملکوں پر مشتمل ہے۔ پاکستان 200 ملکوں کی برادری میں آبادی کے اعتبار سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے۔ ہمارا رقبہ بھی کم نہیں۔ پاکستان رقبے کے اعتبار سے دنیا کا 34 واں بڑا ملک ہے۔ پاکستان دنیا میں دودھ پیدا کرنے والا چوتھا بڑا ملک ہے، کپاس کی پیداوار میں بھی پاکستان کا چوتھا نمبر ہے، آم اور امرود کی پیداوار میں پاکستان دنیا کا ساتواں اہم ملک ہے۔ گندم، گنا، کھجور اور کینو کی پیداوار میں پاکستان دنیا کے دس بڑے ملکوں میں سے ایک ہے۔ یہ صورتِ حال اس وقت ہے جب پاکستان کا حکمران طبقہ 70 سال سے پاکستان کو تباہ کر رہا ہے۔ اگر پاکستان کو تعمیر کرنے والی قیادت میسر آ جائے تو اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر کہاں کھڑا ہوگا۔

مغربی دنیا نے آبادی کو سازش کے تحت ایک بوجھ باور کرایا ہے، مگر چین نے آبادی کو ایک ''اثاثے'' میں ڈھال کر دکھایا ہے۔ چین اس وقت ایک ارب 30 کروڑ کی آبادی نہیں بلکہ ایک ارب 30 کروڑ کی ''مارکیٹ'' ہے۔ اس نے 40

برسوں میں 70 کروڑ لوگوں کو غربت سے نکالا ہے۔ پاکستان آبادی کے اعتبار سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے۔ یعنی ہم 22 کروڑ کی منڈی ہیں۔ اس آبادی کا خاص پہلو یہ ہے کہ ہماری آبادی کا تقریباً 60 فیصد نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ ان نوجوانوں کو علم اور ہنر سے آراستہ کردیا جائے تو پاکستان صنعتی اور معاشی طور پر بھی دنیا کے دس اہم ترین ملکوں میں سے ایک ملک بن سکتا ہے۔

امارت کا ایک پہلو علم، ذہانت اور صلاحیت ہے۔ اتفاق سے پاکستان میں یہ تینوں چیزیں بھی موجود ہیں۔ پاکستان دنیا کی آٹھ ایٹمی طاقتوں میں سے ایک طاقت ہے۔ ایٹم بم بنانا مذاق نہیں۔ ایک ملک جس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ وہ سوئی بھی نہیں بناتا اُس نے ایٹم بم بنا کر دکھا دیا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ پاکستان کے حکمران طبقے نے طے کرلیا تھا کہ ایٹم بم ضرور بنانا ہے، اس لیے کہ ہماری بقا اور سلامتی اسی میں ہے۔ اس سلسلے میں سول اور فوجی قیادت میں کوئی تفریق نہ رہی۔ بھٹو نے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی اور جنرل ضیاالحق کے زمانے میں پاکستان نے ایٹم بم بنایا۔ ان دونوں کے درمیانی عرصے میں جو بھی حکمران آئے انہوں نے ایٹم بم پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا۔ چنانچہ پاکستان نے ایٹم بم بنا کر دکھا دیا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جو ملک ایٹم بم بنا سکتا ہے وہ صنعتی اور زرعی انقلاب بھی برپا کرسکتا ہے۔ مغربی دنیا نے صنعتی انقلاب کو ایک ''خواب'' بنایا ہوا تھا، مگر چین کے صنعتی انقلاب نے ثابت کردیا کہ صنعتی انقلاب برپا کرنا کوئی بڑی بات نہیں۔ مغرب نے جو مادی ترقی ڈیڑھ سو سال میں کی، چین نے وہی ترقی 40 سال میں کر کے دکھا دی۔ اس سے ثابت ہوا کہ مادی ترقی اور مادی خوشحالی کوئی بڑی بات نہیں۔ مشکل بات روحانی، اخلاقی، علمی اور تخلیقی ترقی ہے۔ ان تمام حقائق کا مفہوم یہ ہے کہ پاکستان ہرگز غریب ملک نہیں۔ اسے پاکستان کے فوجی اور سول حکمرانوں کی روحانی، اخلاقی، علمی، تہذیبی اور تخلیقی غربت نے غریب بنایا ہوا ہے۔ جس دن پاکستان کو اس کے اصل وارث فراہم ہوگئے پاکستان ایک عالمی طاقت بن کر ابھرے گا۔

مغربی دنیا اسلام اور مسلمانوں سے نفرت اسباب کیا ہیں؟

شاہ نواز فاروقی، فرائیڈے اسپیشل (جسارت)

مغربی دنیا اسلام اور مسلمانوں سے نفرت کے اظہار میں تھک کر نہیں دے رہی۔ ایک ہزار سال کی مدت بہت طویل ہوتی ہے، مگر مغرب کی اسلام اور مسلمانوں سے نفرت نے ایک ہزار یے کو ایک سال میں ڈھال دیا ہے۔ بد قسمتی سے اسلام سے مغرب کی نفرت جتنی مغرب کی زبان پر ہے اس سے زیادہ نفرت اُس کے دل میں ہے۔ اس نفرت کی تاریخ دل دہلا دینے والی ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی اطلاع عیسائیوں اور یہودیوں دونوں کو تھی، اور وہ کہا کرتے تھے کہ ہمیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ دیکھنا نصیب ہوگا تو ہم نہ صرف یہ کہ آپؐ پر ایمان لائیں گے بلکہ آپؐ کے حریفوں کے خلاف جہاد میں بھی حصہ لیں گے۔ مگر جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو عیسائیوں اور یہودیوں کی اکثریت نے آپؐ پر ایمان لانے سے انکار کر دیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انکار کا یہی پودا بالآخر اسلام اور مسلمانوں کی نفرت کا درخت بن گیا۔

یہ ایک سامنے کی حقیقت ہے کہ مسلمانوں کی عظیم اکثریت صلیبی جنگوں کی اصطلاح استعمال تو کرتی ہے مگر اس کو ابھی تک یہ معلوم نہیں کہ صلیبی جنگیں کب، کیسے اور کیوں شروع ہوئیں؟ صلیبی جنگوں کی تاریخ یہ ہے کہ 1095ء میں اُس وقت کے پوپ اربن دوئم نے ایک کلیسا میں کھڑے ہو کر تقریر کی، اس نے کہا کہ (معاذ اللہ) اسلام ایک شیطانی مذہب ہے اور اس کے ماننے والے ایک شیطانی مذہب کے پیروکار ہیں۔ پوپ اربن نے دعویٰ کیا کہ میرے قلب پر یہ بات القا کی گئی ہے کہ عیسائیوں کا یہ فرض ہے کہ وہ اس شیطانی مذہب اور اس کے ماننے والوں کو صفحۂ ہستی سے مٹا دیں۔ پوپ صرف یہ کہہ کر نہیں رہ گیا، اُس نے یورپ کو عملاً ایک صلیبی جھنڈے کے نیچے جمع ہونے کی ہدایت بھی کی۔ یہ عیسائیت کی سب سے بڑی

شخصیت کی آواز تھی، چنانچہ یہ آواز صدا بہ صحرا ثابت نہ ہوئی۔ یورپ 1095ء میں ایک صلیبی پرچم کے نیچے جمع ہوا اور اُن صلیبی جنگوں کی ابتدا ہوئی جو کم وبیش دوسو سال جاری رہیں۔ ان جنگوں کے آغاز میں صلیبی فوجوں نے مسلمانوں کے روحانی اور سیاسی مرکز بیت المقدس کو تاراج کر دیا اور وہاں اس بڑے پیمانے پر مسلمانوں کا قتلِ عام ہوا کہ مغربی مورخین کے بقول بیت المقدس کی گلیاں خون سے بھر گئیں اور گلیوں میں گھوڑوں کو چلانا دشوار ہو گیا۔ مغرب مسلمانوں پر دہشت گردی کا الزام عائد کرتا ہے، مگر صلیبی جنگوں کی وحشت اور سفا کی مسلمانوں نے ایجاد نہیں کی تھی، یہ مغرب کی ایجاد کردہ تھی۔

مغرب نے 19 ویں صدی میں ایک بار پھر مسلمانوں کے خلاف جارحیت ایجاد کی۔ مغربی اقوام اپنے اپنے جغرافیے سے نکلیں اور پوری مسلم دنیا پر قابض ہو گئیں۔ فرق یہ تھا کہ کہیں انگریزوں کا قبضہ تھا، کہیں فرانسیسی مسلط تھے، اور کہیں جرمنوں، پرتگالیوں، اطالویوں اور ولندیزیوں نے مسلمانوں کو اپنا غلام بنایا ہوا تھا۔ یہ اس نوآبادیاتی دور کا آغاز تھا جو ڈیڑھ صدی تک مسلمانوں کا خون چوستا رہا۔ اس نوآبادیاتی دور کی ''ایجاد'' کا سہرا بھی مغرب کے سر ہے۔ مسلمانوں کا اس عہدِ جبر کی ایجاد میں کوئی حصہ نہ تھا۔ اہلِ مغرب کی اسلام اور مسلمانوں سے نفرت اور ان کے صنعتی وتجارتی مفادات نے انہیں مسلم دنیا کو مقبوضہ علاقے میں ڈھالنے پر مائل کیا تھا۔ نوآبادیاتی دور میں مغرب کے اندر مستشرقین کا گروہ پیدا ہوا۔ اس گروہ کا کام یہ تھا کہ وہ علم کی آڑ لے کر اسلام اور سیرتِ طیبہ پر رکیک حملے کرے۔ مسلم دنیا کی عظیم اکثریت اس حقیقت سے آگاہ نہیں ہے کہ عیسائی دنیا اسلام کو آسمانی مذہب اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول تسلیم نہیں کرتی۔ اس کا خیال ہے کہ معاذ اللہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے توریت اور انجیل کو ملا کر قرآن بنالیا، اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود معاذ اللہ نبی نہیں ہیں۔ مغربی دنیا میں آج رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی جو وارداتیں ہو رہی ہیں ان کی پشت پر مغرب کی یہی نفرت پوری طرح کلام کرتی نظر آتی ہے۔

مغربی دنیا نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف تیسری بڑی یلغار نائن الیون کے بعد شروع کی۔ اِس بار بھی مغرب نے کسی جواز کے بغیر اسلام اور مسلمانوں کو نشانہ بنایا۔ امریکہ نے دعویٰ کیا کہ اسامہ بن لادن اور القاعدہ نائن الیون کے حملوں کے ذمے دار ہیں، مگر امریکہ کبھی اس سلسلے میں ٹھوس شہادتیں پیش نہیں کر سکا۔ اس ضمن میں امریکہ کی ساکھ کا عالم یہ ہے کہ اُس نے نائن الیون کے حملوں میں ملوث افراد کی جو پہلی فہرست جاری کی ان میں سے پانچ زندہ نکل آئے۔ اس کے بعد امریکہ کو دہشت گردوں کی نئی فہرست جاری کرنی پڑی۔ اس سلسلے میں خود امریکہ کے متعدد ماہرین کا خیال یہ ہے کہ

اسامہ بن لادن کے پاس ٹوئن ٹاورز کو منہدم کرنے کی ٹیکنالوجی نہ تھی، چنانچہ نائن الیون امریکہ کے اندرونی عناصر کی کارستانی ہے۔اس خیال کو اس حقیقت سے تقویت ملتی ہے کہ مغربی دنیا نے نائن الیون کے بعد اپنے ردِعمل کو صرف اسامہ بن لادن اور القاعدہ تک محدود نہ رکھا، اس نے اسلام، اسلامی تہذیب، عالمِ اسلام اور پوری امتِ مسلمہ کے خلاف نفرت کا اظہار شروع کردیا۔امتِ مسلمہ کا کوئی ترجمان ہی نہیں ہے، لہٰذا نائن الیون کے بعد مغربی دنیا کے اہم ترین افراد نے جو کچھ کہا امتِ مسلمہ اس پر خاموش رہی۔اس کا کوئی ترجمان ہوتا تو وہ اس پر شدید ترین احتجاج کرتا۔بدقسمتی سے خود امتِ مسلمہ میں نیند میں چلنے والوں کی دنیا ہے، چنانچہ مغرب نے اسلام، اسلامی تہذیب اور مسلمانوں کے تعلق سے جو کچھ کہا وہ امتِ مسلمہ کے اجتماعی حافظے کا حصہ نہ بن سکا۔یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ امریکہ کے صدر جارج بش نے نائن الیون کے بعد امریکی قوم سے خطاب کرتے ہوئے ''کروسیڈ'' کے آغاز کا اعلان کیا۔کروسیڈ صلیبی جنگ کو کہتے ہیں، مگر چونکہ امتِ مسلمہ کا کوئی ترجمان ہی نہیں اس لیے جارج بش کی اصطلاح پر کسی جانب سے کوئی شدید احتجاج سامنے نہ آسکا۔اِدھر اُدھر سے جو دو چار آوازیں اٹھیں اُن کے جواب میں وہائٹ ہاؤس نے فرمایا کہ خطاب کرتے ہوئے جارج بش کی زبان پھسل گئی۔ حالانکہ ساری دنیا جانتی ہے کہ امریکی صدر لکھی ہوئی تقریر کررہے تھے، وہ فی البدیہہ خطاب نہیں فرمارہے تھے۔چنانچہ کروسیڈ کی اصطلاح شعوری طور پر استعمال کی گئی تھی۔مگر اس کے بعد اس سے بھی بڑی واردات ہوئی، اٹلی کے وزیراعظم سلویو برلسکونی نے فرمایا کہ مغربی تہذیب اسلامی تہذیب سے برتر ہے، اور اس نے جس طرح کمیونزم کو شکست دی ہے اسی طرح اسلامی تہذیب کو بھی شکست دے گی۔امتِ مسلمہ کا کوئی ترجمان ہوتا تو وہ اٹلی کے وزیراعظم کو یاد دلاتا کہ مغربی دنیا تو دہشت گردی کے خلاف جنگ کرنے نکلی ہے، اس جنگ میں اسلامی تہذیب اور مغربی تہذیب کی کشمکش اور اسلامی تہذیب کی شکست کا پہلو کہاں سے نکل آیا؟ مگر چونکہ امتِ مسلمہ کا کوئی ترجمان نہیں ہے اس لیے اٹلی کے وزیراعظم کو اپنے بیان کے ذریعے جو پیغام دینا تھا وہ دے دیا گیا۔لیکن اس کے بعد مغرب میں اس سے بھی بڑی واردات ہوئی۔امریکہ کے اُس وقت کے اٹارنی جنرل ایش کرافٹ نے واشنگٹن ڈی سی میں ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اچانک اسلام اور عیسائیت کے خدا کا موازنہ کر ڈالا۔انہوں نے فرمایا کہ عیسائیت کا خدا اسلام کے خدا سے برتر ہے کیونکہ عیسائیت کے خدا نے عیسائیوں کی نجات کے لیے معاذ اللہ اپنے بیٹے حضرت عیسیٰ کو سولی پر لٹکا دیا، اس کے برعکس اسلام کا خدا ایسا خدا ہے جو اپنی عظمت کے اظہار کے لیے جہاد کی صورت میں مسلمانوں سے قربانیاں طلب کرتا ہے۔مسلمانوں کا کوئی ترجمان ہوتا تو ایش کرافٹ سے پوچھتا کہ تمہیں دہشت گردوں کے خلاف جنگ میں اسلام اور عیسائیت کے تصورِ خدا کے موازنے کی ضرورت کیوں پڑی ہے؟ اس کے بعد مغرب سے ایک اور بڑی واردات سامنے آئی۔یورپ میں امریکہ کی افواج کے سابق کمانڈر

جنرل کلارک نے بی بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے صاف کہا کہ ہم اسلام کی تعبیر کا تعین کرنے کے لیے گھر سے نکلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طے یہ کرنا ہے کہ اسلام ایک پُر امن مذہب ہے جیسا کہ مسلمان کہتے ہیں، یا اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو اپنے ماننے والوں کو تشدد پر اکساتا ہے۔ اس بیان سے بھی یہی ثابت ہوا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کی اصطلاح دھوکا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ مغربی دنیا اسلام، اسلامی تہذیب اور مسلمانوں کی بیخ کنی کرنے کے لیے متحرک ہے۔ لیکن یہاں سوال یہ ہے کہ آخر مغرب کو اسلام اور مسلمانوں سے نفرت کیوں ہے؟

اس سوال کا ایک جواب یہ ہے کہ اسلام اور مغرب کی کشمکش حق و باطل کی کشمکش ہے۔ اسلام حق ہے اور مغرب باطل۔ اور انسانی تاریخ میں نہ کبھی حق نے باطل کو قبول کیا ہے اور نہ کبھی باطل نے حق کو سراہا ہے۔ جو شخص اسلام اور مغرب کی کشمکش کو اس تناظر میں نہیں دیکھتا اُسے اسلام اور مغرب کے بارے میں کوئی بنیادی بات معلوم نہیں۔ مغربی دنیا کو اسلام اور مسلمانوں سے اس لیے بھی نفرت ہے کہ مغرب اسلام کو من گھڑت مذہب سمجھتا ہے۔ اس کی نظر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر ہی نہیں ہیں۔ اس کے باوجود پوری انسانی تاریخ میں اسلام کی طرح تیزی سے پھیلنے والا مذہب کوئی نہیں۔ اسلام کا ظہور عیسائیت کے ظہور کے کم وبیش 600 سال بعد ہوا، مگر آج اسلام دنیا میں سب سے بڑا مذہب ہے۔ عیسائیت دعویٰ کرتی ہے کہ وہ سب سے بڑا مذہب ہے، مگر عیسائیت کے گھر یورپ کا یہ حال ہے کہ اس کی 55 کروڑ کی آبادی میں سے 75 فیصد افراد کا کوئی مذہب ہی نہیں۔ چنانچہ سب سے بڑا مذہب ہونے کے حوالے سے عیسائیت کا دعویٰ جھوٹا ہے۔ مغرب جب دیکھتا ہے کہ اسلام پھل پھول رہا ہے اور تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے تو اس کا سینہ حسد سے شق ہو جاتا ہے۔ مغربی دنیا کی اسلام اور مسلمانوں سے نفرت کا ایک اور سبب بھی ہے، اور وہ یہ کہ مغرب کی پیدا کردہ جدیدیت ہر مذہب کو کھا گئی ہے۔ عیسائیت مغرب بالخصوص یورپ میں ایک مُردہ مذہب ہے۔ جہاں عیسائیت زندہ بھی ہے وہاں اس کا سیاست و معیشت سے کوئی تعلق نہیں۔ ہندوازم ایک بڑا مذہب ہے، مگر ہندوازم بھی جدیدیت کے مقابلے پر پسپا ہو گیا ہے۔ ہندوستان ایک سیکولر ملک ہے۔ بلاشبہ ہندوستان میں بی جے پی برسرِ اقتدار رہی ہے، مگر ہندوازم کا ریاست وسیاست میں کوئی عمل دخل نہیں۔ اسرائیل یہودی ریاست ہے، مگر اسرائیل آئینی اعتبار سے سیکولر ہے۔ بدھ ازم تقریباً فنا ہو چکا ہے اور اس کا بھی ریاست وسیاست سے کوئی تعلق نہیں۔ اس کے برعکس اسلام کا معاملہ یہ ہے کہ تمام تر ابتر حالات کے باوجود وہ ایک زندہ مذہب ہے۔ اس کا نظامِ عقاید زندہ ہے۔ اس کا نظامِ عبادات زندہ ہے۔ اس کا نظامِ اخلاق زندہ ہے۔ اس سے بھی بڑی بات یہ ہے کہ پوری امتِ مسلمہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، اور ریاست وسیاست، معیشت

وقانون، اور جنگ و امن سمیت زندگی کے تمام معاملات اسلام کی روشنی میں طے کیے جائیں گے۔ 19 ویں صدی میں مغرب کے دانش ور کہا کرتے تھے کہ اسلام دنیا کو جو کچھ دے سکتا تھا، دے چکا، اب اس کے پاس دنیا کو دینے کے لیے کچھ نہیں۔ اب اسلام صرف عقاید، عبادات اور اخلاقیات تک محدود ہو گا۔ مگر اقبالؒ اور مولانا مودودیؒ کی فکر، اور حسن البناءؒ کی برپا کی ہوئی تحریک نے اسلام کو 20 ویں صدی کا مرکزی حوالہ بنا دیا۔ آج ساری مسلم دنیا صرف اسلام کو اپنی نجات کے لیے کافی سمجھتی ہے۔ مسلمانوں کو انسانوں کے بنائے ہوئے کسی ازم پر کوئی اعتبار نہیں۔ انہیں اعتبار ہے تو اسلام پر۔ 1979ء میں ایران کے انقلاب نے ثابت کر دیا کہ اسلام آج بھی ایک انقلابی قوت ہے اور وہ کسی بھی وقت ریاست و سیاست، معیشت اور آرٹ کے نقشے کو بدل سکتا ہے۔ مغربی دنیا یہ سب دیکھتی ہے تو اس کا دل اسلام اور مسلمانوں کی نفرت سے بھر جاتا ہے۔ اس وقت اسلام اور مسلمانوں کی حالت یہ ہے کہ عالمی اسٹیج پر انہیں کہیں غلبہ حاصل نہیں۔ اسلام اور مسلمانوں کے پاس نہ سائنس اور ٹیکنالوجی کی طاقت ہے، نہ ان کے پاس عسکری طاقت ہے، نہ ان کے پاس قابلِ رشک معیشت ہے، یہاں تک کہ مسلمانوں کے پاس کردار کے اعلیٰ نمونے بھی نہیں ہیں، مگر اس کے باوجود اسلام مغرب میں لاکھوں اہلِ مغرب کو مسلمان کر رہا ہے۔ مسلمان ہونے والوں میں مفکرین بھی ہیں، دانشور بھی۔ گلوکار بھی ہیں، صحافی بھی۔ ڈاکٹر بھی ہیں انجینئر بھی۔ مغربی دنیا یہ دیکھتی ہے اور سوچتی ہے کہ اسلام بے طاقتی میں اتنا موثر ہے تو جب اسلام کے پاس طاقت ہوگی تو اس کے اثرات کا کیا عالم ہو گا مغرب کا ایک مسئلہ یہ ہے کہ وہ اپنے متبادل کے خوف میں مبتلا ہے۔ سوشلزم سرمایہ داری کا متبادل تھا، اس لیے مغرب نے سوشلزم کا تعاقب کیا اور اسے فنا کر کے چھوڑا۔ مغرب اسلام کو بھی اپنا متبادل سمجھتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ اگر اسلام کے نظام حیات کو کام کرنے کا موقع مل گیا تو پوری مسلم دنیا سے مغرب کا پتّا صاف ہو جائے گا۔ چنانچہ مغرب اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرتا رہتا ہے۔

..................☆☆☆☆☆..................

سندھ بلدیاتی بل 2021

کراچی پر مکمل قبضے کا کالا قانون ۔ نامنظور

تباہ حال کراچی کے 3 کروڑ لوگو......سُنو!

پیپلز پارٹی کی وڈیرہ شاہی آمرانہ حکومت نے سندھ کے شہری عوام بالخصوص کراچی پر مکمل قابض ہونے کے لیے" سندھ بلدیاتی ترمیمی بل 2021"
جبراً اسمبلی سے منظور کروالیا ہے...... یہ تین کروڑ عوام کو غلام بنانے ...... شہر کے تمام اداروں پر مکمل قبضہ کا" کالا قانون" ہے۔

کراچی دنیا کا ساتواں بڑا شہر...... پاکستان اور سندھ کی معیشت کو چلانے والا شہر ہے جسے "میگا سٹی حکومت" کا درجہ ملنا چاہیے۔

لیکن پیپلز پارٹی بچے کچے ادارے اور اختیارات چھین بھی لیے جو 2013 کے قانون میں قبضے سے رہ گئے تھے۔ سندھ کی اپوزیشن جماعتیں مگرمچھ کے آنسو بہارہی ہیں، لیکن جب اختیارات پر کاری وار ہوا تو ایم کیو ایم، پیپلز پارٹی کے ساتھ سندھ حکومت میں شامل تھی۔ پی ٹی آئی اور ایم کیو ایم کی وفاقی حکومت نے بھی شب خون مارا ہے۔

- جعلی مردم شماری کی منظوری دے کر
- کوٹہ سسٹم میں غیر معینہ مدت تک اضافہ کرکے
- K الیکٹرک مافیہ کی سرپرستی کرکے
- سرکلر ریلوے اور پانی کے K-4 منصوبے پر دھوکہ دے کر
- 1100 ارب روپے کے پیکج کا لالی پوپ دے کر

Land Ravenue (املاک)

2001 شہری حکومت کا قانون	2013 پیپلز پارٹی اور MQM کی مشترکہ حکومت نے جو محکمے شہری حکومت سے چھین لیے	2021 سندھ بلدیاتی بل پیپلز پارٹی کی حکومت نے جو محکمے شہری حکومت سے چھین لیے
کراچی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ، ٹاؤن اور UCs کا مکمل بااختیار نظام جس میں لینڈ ریونیو، تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ، تعمیرات، سمیت تمام بلدیاتی ادارے سٹی گورنمنٹ کے ماتحت تھے۔ اور عوام پر بالادستی کا انگریزوں کا بنایا ہوا ضلعی کمشنری نظام بھی ختم کردیا گیا۔	• پبلک ٹرانسپورٹ، ماس ٹرانزٹ سسٹم • سولڈ ویسٹ مینجمنٹ • مقامی حکومتیں اور دیہی ترقی • ڈیزاسٹر مینجمنٹ • ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن • ملیر ڈیولپمنٹ اتھارٹی • لیاری ڈیولپمنٹ اتھارٹی • موٹر وہیکل ٹیکس • KMC کے علاوہ تمام ہسپتال • ماحولیات • فشریز • لیبر • شہری دفاع • اسپورٹس اینڈ کلچر • بہبود آبادی • I.T وغیرہ وغیرہ	• کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج • انفیکشز بیماریاں • لپروسی ہسپتال • عباسی شہید ہسپتال • سوبھراج میٹرنٹی ہوم • سرفراز شہید ہسپتال • اسپنسر آئی ہسپتال اور دیگر ادارے جو KMC چلاتی تھی • دودھ سپلائی اسکیم • غیر منقولہ جائیداد کا ٹیکس وغیرہ • پیدائش، اموات اور شادیاں • بنیادی صحت کے مراکز، ہسپتال، ڈسپنسریز، میڈیکل ایڈ وغیرہ • میڈیکل ایجوکیشن وغیرہ • پرائمری تعلیم لازمی تعلیم اور اس کے متعلق تمام امور • فوڈ اور ڈرگس کے متعلق قانون سازی وغیرہ

آج! کراچی کھنڈر بنادیا گیا ہے ٹوٹی سڑکیں، بہتے گٹر اس کی پہچان ہیں۔ شہر کے لوگ بجلی، پانی، گیس، علاج و صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ، صفائی، سیوریج سمیت بنیادی انسانی ضروریات سے محروم ہیں۔ سندھ پر "مسلط کردہ" وڈیرہ شاہی نے 3 کروڑ سے زائد عوام کی سیاسی، معاشی و معاشرتی کمر توڑ دی ہے......

"سندھ بلدیاتی بل" کراچی کے وسائل پر "ڈاکا" اور "اندھی لوٹ مار" کا گھناؤنا کھیل ہے...... جسے کراچی کے عوام مسترد کرتے ہیں۔

کراچی کے مسائل کا صرف ایک ہی حل "بااختیار شہری حکومت" کا قیام ہے۔

اُٹھو! کراچی کے 3 کروڑ انسانو...... اپنی قوت کو پہچانو! حق دو کراچی تحریک کا حصہ بنو

جماعت اسلامی

Books for Sale



Pakistani I.Q test
Standardized in Pakistan
قیمت 5000 روپے



اردو کتاب
قیمت 500 روپے



انگریزی کتاب
قیمت 500 روپے



کتابچہ
قیمت 50 روپے



اردو کتاب
قیمت 70 روپے

کتابوں کا مختصر تعارف

Sex Education for Muslims

The Quran and Hadees provide guidance in all affairs of life.it is imperative for a Muslim to study the Quran and Hadees, Understand them, and make these principles a part of the daily life. The most important human relationship is that of marriage. It is through this institution that the procreation and training of the human race comes about. So, it's no wonder that the Quran and Hadees give us important guidance on this matter. But it is unfortunate that our authors, teachers and imams avoid this topic in their discourses due to a false sense of embarrassment. Moreover, most of them are not well versed in the field of medicine and psychology. Therefore, it's only people who have knowledge of both religion as well as medicine who should come forward to speak and write on the subject. We have included in this book all passages referring to sexual matters from the Quran, Hadees and Fiqa. These passages provide guidance to married as well as unmarried youngsters. If one reads this matter it would be easier to maintain proper physical and sexual health, along with an enjoyable marital life. The reading of this matter as well as using it in one's life will be considered equal to worship.

جنسی مسائل

لڑکپن سے جوانی تک کی عمر ایسی ہے جس کے دوران جنسی اعضاء میں کافی تبدیلی آتی ہے۔ اس لئے نوجوانوں کو یہ پریشانی لاحق ہوتی ہے کہ تبدیلیاں فطری ہیں یا کسی بیماری کا مظہر ہیں۔ اتنی بات بتانے کی لئے ہمارے معاشرے میں کوئی تیار نہیں ہوتا۔ نہ والدین اور اساتذہ اور نہ دوسرے ذرائع ابلاغ یہ سعی کرتے ہیں۔ اس کے بارے میں مستند کتابیں بھی موجود نہیں ہیں بلکہ اگر غلطی سے کوئی لڑکا یا لڑکی اس موضو پر کوئی بات کر بیٹھے تو وہ سخت بدن تنقید بنتا ہے۔ اس لئے ان سب چیزوں کو دیکھتے ہوئے ڈاکٹر سید مبین اختر نے یہ کتابچہ تیار کیا ہے جس میں جنسی مسائل کے حوالے سے قرآن وحدیث کی روشنی میں بنیادی مسائل کا حل تجویز کیا ہے۔

مختصر کتابچہ برائے جنسی مسائل | قیمت 50 روپے

انگریزوں کا ہندوستان پر ظلم وستم اور قتل وغارت

انگریزوں نے تاجر کے روپ میں ہندوستان آکر مسلم فرمارداؤ سے پورا ملک چھین لیا اور پھر شدید ظلم وستم کیا، مگر ہم لوگ اکثر اس سے نابلند ہیں، بلکہ اکثر لوگ تو ان کی تعریف وتوصیف کرتے ہیں۔ امریکہ اور اسٹریلیاں میں ان لوگوں نے جاکر قدیم آبادی کو تقریباً نسیت ونابود کردیا مگر ہندوستان میں بھی تباہی، بربادی اور ظلم وستم کی ایک داستان رقم کردی۔

یہ کتاب زیادہ تر مولانا حسین احمد مدنی
(برطانوی سمراج نے ہمیں کیسے لوٹا) اور
(Hunter-The Indian Muslim) کی
کتابوں سے ماخوذ ہے۔ جن لوگوں کی مزید تفصیلات درکا ہوں ان کو کتابوں کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔

Author: Dr.Syed Mubin Akhter

Diplomate Board of Psychiatry & Neurology (USA)

Availible at all Karachi Psychiatric Hospital Branches

Head office	Landhi
Nazimabad no 3, karachi	Al syed Center, Quaidabad (Opp. Swidish Institue)
Phone: (021) 111-760-760 0336-7760760	Phone:35016532

We can also send these books by VPP.

نوجوانوں کے خصوصی مسائل

مختصر تعارف

مسلمانوں کے لئے جنسی تعلیم

قرآن مجیداور حدیث زندگی کے تمام امور میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ایک مسلمان کے لئے لازم ہے کہ وہ قرآن وحدیث کا مطالعہ کرے،انکو سمجھے،اوران اصولوں کے تحت اپنی روزمرہ کی زندگی گزارے۔سب سے اہم انسانی رشتہ شادی کا ہے۔اس کے ذریعہ ہی نسل انسان کی پیدائش اور تربیت سامنے آتی ہے،لہذا اس میں کوئی شک شعبہ کی بات نہیں کہ قرآن حدیث سے ہمیں اس معاملے میں اہم رہنمائی ملتی ہے۔لیکن بدقسمتی کی بات ہے کہ ہمارے مصنفین ،اساتذہ اور عالم،شرمندگی کے غلط احساس کی وجہ سے،مباحثوں میں اس موضوع سے اجتناب کرتے ہیں۔مزید یہ کہ ان میں سے بیشتر طب اور نفسیات پر عبور نہیں رکھتے ہیں۔لہذا ان ہی لوگوں کو جو مذہب کے ساتھ ساتھ علاج معالجے کے بارے میں بھی جانتے ہیں اس موضوع پر بولنے اور لکھنے کے لئے آگے آنا چاہئے۔

ہم نے اس کتاب میں قرآن،حدیث اور فقہ سے جنسی امور کے حوالے سے تمام حوالوں کو شامل کیا ہے۔یہ حصّے شادی شدہ اور غیر شادی شدہ نوجوانوں کے لئے رہنمائی فراہم کرتے ہیں،جن کو پڑھ کر وہ خوشگوار ازدواجی زندگی کے ساتھ ساتھ مناسب جسمانی اور جنسی صحت کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ان کو پڑھنا اور اپنی زندگی میں اپنانا عبادت ہے۔

Author: Dr.Syed Mubin Akhter

Diplomate Board of Psychiatry & Neurology (USA)

Availible at all Karachi Psychiatric Hospital Branches

Head office
Nazimabad no 3,
karachi
Phone: (021) 111-760-760
0336-7760760

Landhi
Al syed Center, Quaidabad
(Opp. Swidish Institue)
Phone:35016532

We can also send these books by VPP.

For I.Q

DRAW A PERSON TEST

The only IQ test standardized in Pakistan.

پاکستان مین پہلی دفعہ بچوں کی ذہانت (I.Q) کو جانچنے کے حوالے سے نفسیاتی ٹیسٹ متعارف کیا جا رہا ہے۔
پاکستان میں بچوں کی ذہانت جانچنے کے لئے ابھی تک کوئی ٹیسٹ موجود نہیں تھا جو کہ ہمارے اپنے بچوں کے اعداد و شمار جمع کر کے بنایا گیا ہو۔ ابھی تک ہم دوسرے ملکوں میں استعمال کئے جانے والے ذہانت کے ٹیسٹ استعمال کرتے رہے ہیں جو کہ انکے حالات اور معاشرے کے حوالے سے ترتیب دیئے گئے ہیں۔
ان ملکوں کے حالات اور سماجی اقدار ہمارے سماجی حالات سے یکسر مختلف ہیں جس کی وجہ موجودہ ذہانت کے آزمائشی ٹیسٹ (I.QTest) ہمارے بچوں کی ذہانت کو صحیح طرح نہیں جانچ سکتے ہیں۔
اس ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے ملک کی مشہور ماہر نفسیات ایوا حسن (مرحومہ) نے اپنے صلاحیتوں کو بروکار لاتے ہوئے اس ذہانت کے آزمائش کو مقامی سطح پر اپنے ملک کے بچوں پر کام کر کے اس آزمائشی ٹیسٹ کو پاکستان میں رہنے والے (7 سے 12) سال کے بچوں پر استعمال کرنے کے قابل بنایا۔
کراچی نفسیاتی ہسپتال جو کہ گزشتہ 52 سالوں سے علم و ادب، تحقیق و تربیت کے حوالے سے کام کر رہا ہے، ڈاکٹر سید مبین اختر کی سربراہی میں جو کے اس ملک کے ایک مشہور ماہر ذہنی امراض ہیں نے ڈاکٹر ایوا حسن (مرحومہ) کی اس کاوش کو کتابی شکل میں لا کر عوام الناس کی خدمت کے لئے لوگوں کے استعمال اور بچوں کی ذہانت معلوم کرنے کے لئے پیش کر رہا ہے۔
یہ ٹیسٹ پروفیسر محمد اقبال آفریدی کی زیرنگرانی میں تیار کیا گیا ہے۔

Author: Dr.Syed Mubin Akhter

Diplomate Board of Psychiatry & Neurology (USA)

Availible at all Karachi Psychiatric Hospital Branches

Head office	Quaidabad
Nazimabad no 3, karachi	Al syed Center, (Opp. Swidish Institue)
Phone: (021) 111-760-760 0336-7760760	Phone:35016532

We can also send these books by VPP.

PSYCHIATRIST REQUIRED

"Psychiatrist required for Karachi Psychiatric Hospital" (Pakistan)

* Diplomate of the American Board of Psychiatry
* DPM, MCPS or FCPS

Qualification	Pay Scale	
	6 Hours	8 Hours
F.C.P.S	150,000	200,000
F.C.P.S -I	60,000	80,000
M.C.P.S	90,000	120,000
D.P.M	75,000	100,000

Send C.V to:

Dr. Syed Mubin Akhtar (Psychiatrist & Neurophysician)
Chairman KARACHI PSYCHIATRIC HOSPITAL

Address:

Nazimabad No.3 Karachi, Pakistan

E-mail: mubin@kph.org.pk | Phone No: (021) 111-760-760 / 0336-7760760

K.P.H. ECT MACHINE
MODEL NO. 3000

New Improved Model

Rs. 70,000/=
With 5 year full waranty and after sale services.

Designed & Manufactured By

KARACHI PSYCHIATRIC HOSPITAL

NAZIMABAD NO. 3, KARACHI-PAKISTAN PHONE: 021-111-760-760
0336-7760760

Website: www.kph.org.pk Email: support@kph.org.pk

This is being assembled and used in our hospital since 1970 as well as JPMC and psychiatrists in other cities i.e

Sindh	: Karachi, Sukkar, Nawabshah
Balochistan	: Quetta
Pukhtoon Khuwah	: Peshawar, D.I Khan, Mardan, Mansehra, Kohat
Punjab	: Lahore, Gujranwala, Sarghodha, Faisalabad, Rahimyar Khan, Sialkot
Foreign	: Sudan (Khurtum)

It has been found to be very efficient and useful. We offer this machine to other doctors on a very low price and give hundred percent guarantee for parts and labour for a period of five years.

FIVE YEARS Guarantee, and in addition the price paid will be completely refunded if the buyer is not satisfied for any reason whatsoever and sends it back within one month of purchase.

KARACHI PSYCHIATRIC HOSPITAL
KARACHI ADDICTION HOSPITAL

Established in 1970

Modern Treatment With Loving Care

باا خلاق عملہ۔ جدید ترین علاج

Main Branch

Nazimabad # 3, Karachi

Phone # 111-760-760
0336-7760760

Other Branches

- **Male Ward:** G/18, Block-B, North Nazimabad, Karachi
- **Quaidabad (Landhi):** Alsyed Center (Opp. Swedish Institute)
- **Karachi Addiction Hospital:**
  Mubin House, Block B, North Nazimabad, Karachi

E-mail: support@kph.org.pk
Skype I.D: online@kph.org.pk
Visit our website: <www.kph.org.pk>

MESSAGE FOR PSYCHIATRISTS

Karachi Psychiatric Hospital *was established in 1970 in Karachi. It is not only a hospital but an institute which promotes awareness about mental disorders in patients as well as in the general public. Nowadays it has several branches in Nazimabad ,North Nazimabad, and in Quaidabad. In addition to this there is a separate hospital for addiction by the name of* ***Karachi Addiction Hospital****.*

We offer our facilities to all Psychiatrists for the indoor treatment of their patients under their own care*.*

Indoor services include:

- *24 hours well trained staff, available round the clock, including Sundays & Holidays.*
- *Well trained Psychiatrists, Psychologists, Social Workers, Recreation & Islamic Therapists who will carry out your instructions for the treatment of your patient.*
- *An Anesthetist and a Consultant Physician are also available.*
- *The patient admitted by you will be considered yours forever. If your patient by chance comes directly to the hospital, you will be informed to get your treatment instructions, and consultation fee will be paid to you.*
- *The hospital will pay consultation fee DAILY to the psychiatrist as follows:*

Rs 700/=	***Semi Private Room Private Room***
Rs 600/=	***General Ward***
Rs 500/=	***Charitable Ward (Ibn-e-Sina)***

The hospital publishes a monthly journal in its website by the name 'The Karachi Psychiatric Hospital Bulletin" with latest Psychiatric researches. We also conduct monthly meetings of our hospital psychiatrists in which all the psychiatrists in the city are welcome to participate.

Assuring you of our best services.

C.E.O
Contact # 0336-7760760
111-760-760
Email: support@kph.org.pk

Our Professional Staff for Patient Care

❖ **Doctors:**

1. **Dr. Syed Mubin Akhtar**
   MBBS. (Diplomate American Board of Psychiatry & Neurology)
2. **Dr. Akhtar Fareed Siddiqui**
   MBBS, F.C.P.S (Psychiatry)
3. **Dr. Anand Kumar**
   MBBS, F.C.P.S (Psychiatry)
4. **Dr. Zeenatullah**
   MBBS, F.C.P.S (Psychiatry)
5. **Dr. Javed Sheikh**
   MBBS, DPM (Psychiatry)
6. **Dr. Syed Abdurrehman**
   MBBS
7. **Dr. Salahuddin Siddiqui**
   MBBS (Psychiatrist)
8. **Dr. Sadiq Mohiuddin**
   MBBS
9. **Dr. Habib Baig**
   MBBS
10. **Dr. Ashfaque**
    MBBS
11. **Dr. Salim Ahmed**
    MBBS
12. **Dr. Javeria**
    MBBS
13. **Dr. Sumiya Jibran**
    MBBS
14. **Dr. Mohsin Mehmood**
    MBBS
15. **Dr. Nareem Zafar**
    MBBS

❖ **Psychologists:**

1. **Syed Haider Ali (Director)**
   MA (Psychology)
2. **Shoaib Ahmed**
   MA (Psychology), DCP (KU)
3. **Syed Khurshied Javaid**
   General Manager
5. **Rano Irfan**
   M.S (Psychology)
6. **Madiha Obaid**
   M.S.C (Psychology)
7. **Danish Rasheed**
   M.S. (Psychology)
8. **Naveeda Naz**
   M.S.C (Psychology)
9. **Anis ur Rehman**
   M.A (Psychology)
10. **Rabia Tabassum**
    M.Phil.

❖ **Social Therapists**

1. **Kausar Mubin Akhtar**
   M.A (Social Work) Director Administration
2. **Roohi Afroz**
   M.A (Social Work)
3. **Talat Hyder**
   M.A (Social Work)
4. **Mohammad Ibrahim**
   M.A (Social Work)
5. **Syeda Mehjabeen Akhtar**
   B.S (USA)
6. **Muhammad Ibrahim Essa**
   M.A (Social Work)/ Manger

❖ **Research Advisor**

Prof. Dr. Mohammad Iqbal Afridi
MRC Psych, FRC Psych

❖ **Medical Specialist:**

Dr. Afzal Qasim. F.C.P.S
Associate Prof. D.U.H.S

❖ **Anesthetists:**

Dr. Shafiq-ur-Rehman

❖ **Dr. Vikram**

Anesthetist,
Benazir Shaheed Hospital
Trauma Centre, Karachi

PSYCHIATRIC WARD

PATIENTS' ACTIVITY

ہفتہ وار فیس بک پر معلوماتی سوال و جواب

ہر سنیچر - وقت: دوپہر 1 سے 2 بجے

https://www.facebook.com/kph.org.pk/videos/612439270012267/

kph.org.pk

بمقام: کراچی نفسیاتی و منشیات ہسپتال